D 81 -

1st A. Exam. 2024

SSC (Part – I)

(2023-25) & (2022-24) سیشن

Paper Code No. 5027

گروپ فرسٹ

اُردو (لازمی)

پرچہ : I (معروضی)

وقت : 20 منٹ

نمبرات: 15

BWP-1-24

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات A، B، C، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) شبِ ہجرت مدینہ فاتح خیبر کے لیے قتل گاہ کیا تھا :

(A) فرشِ پُر خار (B) فرشِ گُل (C) فرشِ خاک (D) فرشِ خواب

(2) کس کی تصویر اوّل انعام کی مستحق قرار پائی تھی :

(A) تجمّل (B) اختر (C) نیازی (D) گُل جی

(3) " شیخ جمن کی قرب وجوار کے مواضعات میں پُرسش ہوتی تھی "۔اس میں " پُرسش " کا مطلب ہے :

(A) آؤ بھگت (B) بازپُرس (C) جواب دہی (D) مواخذہ

(4) " ایک دن معمولی دربار تھا۔ اُستاد بھی حاضر تھے۔ ایک مرشد زادے تشریف لائے "۔ یہاں " مرشد زادے " سے مراد ہے:

(A) پیر کا بیٹا (B) وزیر کا بیٹا (C) مشیر کا بیٹا (D) بادشاہ کا بیٹا

(5) وکالت کے امتحان میں کس مضمون کے لیے کسی کتاب کے پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی :

(A) اصولِ جرح (B) اصولِ تعزیر (C) اصولِ قانون (D) اصولِ تعدیل

(6) شاملِ نصاب نظموں میں کس شاعر نے اپنی نظم میں " ٹیپ کا مصرع " استعمال کیا ہے :

(A) خواجہ الطاف حسین حالی (B) امیر مینائی (C) نظیر اکبر آبادی (D) علامہ محمد اقبال (علیہ الرحمۃ)

(7) کرنل محمد خاں کے دو ایکڑ پر محیط بنگلے کو شاہانہ طول و عرض کس نے بخشا تھا :

(A) قسّامِ ازل نے (B) انجینئرز نے (C) ٹھیکیدار نے (D) پاک فوج نے

(8) بُلبُل کے گانے کی وجہ اُس کی کون سی غمگین زندگی ہے :

(A) مجلسی (B) خانگی (C) خلوتی (D) جلوتی

(9) " اُس کے لَب پھول کی طرح نازک ہیں " اس میں " مشبّہ " ہے :

(A) نازکی (B) نازک (C) پھول (D) لَب

(10) " باب " کی جمع ہے :

(A) ابواب (B) اباب (C) ابوب (D) بایاب

(11) " تکلیف " کا مترادف ہے :

(A) تالیف (B) تحریف (C) دُکھ (D) سُکھ

(12) "ریختے کے تمھی اُستاد نہیں ہو غالبؔ کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میرؔ بھی تھا" اس میں " ریختہ " کس زبان کا ابتدائی نام ہے :

(A) سنسکرت (B) اُردو (C) ہندی (D) ریختن

(13) " محنت " کی جمع ہے :

(A) امحان (B) اماحن (C) امحن (D) محن

(14) لفظ " بھنگی " کی مؤنث ہے :

(A) بھنگ (B) بھانگی (C) بھنگنی (D) بھنگن

(15) " شک " کا متضاد ہے :

(A) ایمان (B) یقین (C) مشکوک (D) شکوک

---------☆☆☆☆☆---------